# 100 GOLDEN WORDS POSTS

VOLUME 11

# 100 سنہرے الفاظ پوسٹس

جلد 11



أَسْتَغْفِرُ اللهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اِس کے حضور توبہ کرتا ہوں

# گناہ ایک تاریکی ہے اور اس کا چراغ توبہ ہے



# اللہ

# یَا سَتَّارَالْعُیُوْب

## اے عیبوں پر پردہ ڈالنے والے

میرے عیب چھپا

اس دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی

آمین ثم آمین


معاشرے میں تبدیلی
تب ہی ممکن ہے
جب ہر شخص
اپنی اصلاح میں لگ جائے۔

# یا اللہ

# میری سُن لے
# مجھے چُن لے






ہر ابتداء سے پہلے، ہر انتہا کے بعد
ذاتِ نبیؐ بلند ہے، ذاتِ خُدا کے بعد

دُنیا میں احترام کے قابل ہیں جتنے لوگ
میں سب کو مانتا ہوں مگر مصطفیٰؐ کے بعد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم


جانتے ہو
دعا کیا ہے؟
اپنی ہر پریشانی
اللہ کو بتا کر
بے فکر
ہو جانا--

# یا اللہ

جیسے تُو راضی ویسے راضی کر دے
میرا کوئی عمل تو امیتازی کر دے

سَر جُھک جاتا ہے مَن جُھکتا ہی نہیں
دِل بھی کسی وقت نمازی کر دے




دعا کی قبولیت
آواز کی بلندی نہیں بلکہ
دل کی تڑپ کا تقاضا کرتی ہے!
کیونکہ دعا صرف
الفاظ کا مجموعہ نہیں
بلکہ
روح کی طلب و کیفیت
کا نام ہے۔

حاصل کو تقسیم کرو

❤

عطا کی بارش ہو گی




انا کا محور غرورِ ہستی،
خودی کا محور خدائے حق ہے..
انا میں بندہ غلام اپنا،
خودی کی منزل رضائے حق ہے..

# یا اللہ

## ان دلوں کو سکون دے
## جن کے حال
## تیرے سوا کوئی نہیں جانتا

آمین ثم آمین


دو میٹھے بول انسان تو کیا
حیوان کو بھی زندگی بھر کے لئے
اپنا بنا سکتے ہیں !




اُس سے مانگ کر

روتے نہیں

اُس سے رو کر مانگتے ہیں

# اچھے لوگوں کی قدر

بُرے لوگوں سے ملنے کے بعد ہوتی ہے



# اے اللہ جل جلالہ

جو بے شمار نعمتیں
تُو نے ہمیں دے رکھی ہیں
انہیں واپس نہ لے
اور جو عافیت تُو نے ہمیں دے رکھی ہے
اسے قائم رکھ

آمین ثم آمین




# یا ربِ کریم !

## ہمیں معاف فرما دے

## اور ہم پر رحم کر دے

آمین ثم آمین

میں آج تک اپنی خاموشی پر نہیں پچھتایا۔

# جب بھی پچھتایا

# اپنے بولنے پر پچھتایا۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ



بہت اُمید رکھنا اور پھر بے آس ہونا بھی
بشر کو مار دیتا ہے بہت حساس ہونا بھی




اِتنا مَت بولیں
کہ لوگ آپ کے خاموش ہونے کا
انتظار کریں
بلکہ اتنا بول کر
خاموش ہو جائیں کہ
لوگ آپ کو دوبارہ سُننے کا انتظار کریں

# اپنے بچوں کو جیب خرچ سے کچھ حصہ صدقہ کرنے کی تربیت دیں

تاکہ عمر بھر کے لیے
انہیں اپنی آمدنی کا کچھ حصہ صدقہ کرنے کی عادت پڑ جائے
اور وہ آپ کے لیے صدقہ جاریہ بن جائے




دوسروں سے متعلق اپنی زبانوں کو سی ڈالو
کیونکہ بدگمانیاں بالکل ایک پھٹے کپڑے کی طرح ہیں
جتنا بھی سی لو کپڑا پھر بھی پھٹا رہے گا۔۔۔۔۔۔

وہ چائے رکھی ہے ٹیبل پر
اتوار پرانے لے آؤ



ہم کہہ دیں گے آج چھٹی ہے
تم یار پرانے لے آؤ



مدد کرنا سیکھیے - فائدے کے بغیر

مِلنا جُلنا سیکھیے - مطلب کے بغیر

عاجزی سے چلنا سیکھیے - غرور کے بغیر

زندگی جینا سیکھیے - دِکھاوے کے بغیر




جہاں جلے گا وہیں روشنی لُٹائے گا
کسی چراغ کا، اپنا مکان نہیں ہوتا

# جو نظم و ضبط ہم نماز سے سیکھتے ہیں

## اس کا عملی مظاہرہ

ہمیں مسجد سے باہر عام زندگی میں بھی کرنا چاہیے



درخت نے ایک شخص سے کہا ،،،،
میری عادت اپنا لو،
زندگی میں کامیاب رہو گے

جب کوئی مجھے پتھر مارتا ہے
میں بدلے میں پھل دیتا ہوں




اپنے الفاظ کے غلام بننے سے بہتر ہے کہ۔۔
اپنی خاموشی کے حکمران بن جائیں۔۔

## دُنیا کی بہت بڑی غلط فہمی !!

# اپنے ماں باپ کی خدمت نہ کرنا

# اور اپنی اولاد سے

# خدمت کی اُمید رکھنا



نُور ایسے ہی نہیں مل جاتا

تنہائیوں میں بھی

موم بننا پڑتا ہے





آپ کے آس پاس بہت سارے لوگ
آپکی مدد کرنا چاہتے ہیں
لیکن آپکی فطرت، سلوک
اور سخت مزاجی کی وجہ سے
وہ ایسا نہیں کر پاتے!!!

حقیقی مرد وہی ہے، جو اپنے آپ کو

ایک اچھا باپ، ایک اچھا شوہر،
ایک اچھا بھائی اور ایک اچھا بیٹا

ثابت کرے




عقلمند بننا چھوڑ دو
بہت کچھ سیکھ پاؤ گے

کبھی خود کو بھی چھان کے دیکھ
خاک کے سوا تجھ میں رکھا ہی کیا ہے



درخت کے نیچے پانی ڈالنے سے
سب سے اُونچے پتے پر بھی پانی پہنچ جاتا ہے

اسی طرح اخلاص کے ساتھ کیے گئے
نیک اعمال اللہ تک پہنچ جاتے ہیں



خدمت سب کی کریں
لیکن اُمید کسی سے نہ رکھیں
کیونکہ خدمت کا اجر
اللہ رب العزت ہی دے سکتا ہے
انسان نہیں

# ان ہڈیوں کے مجموعے کا نام انسان ہے

جو سمندروں کی گہرائی، پہاڑوں کی اونچائی،
چاند تک رسائی، جنگلوں، صحراؤں، بیابانوں، چٹانوں، جزیروں
اور نہ جانے کہاں کہاں اپنے بنانے والے کو چیلنج کرتا پھرتا ہے؟؟؟

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ




زیادہ کی ہوس۔۔۔
حاصل کا لطف بھی نہیں
لینے دیتی۔

مزاج کے خلاف بات پر
مسکرا کر نظر انداز کر دینا

لڑنے سے بہتر ہے



ہم جواب نہ دے کر

جواب ہی تو دیتے ہیں




انسان کی اوقات یہی ہے کہ
وہ اگلی سانس اپنی مرضی سے نہیں لے سکتا۔

گناہوں کی عادت چُھڑا میرے مولا
مجھے نیک انسان بنا میرے مولا

جو تجھ کو اور تیرے نبی ﷺ کو پسند ہے
مجھے ایسا بندہ بنا میرے مولا

آمین ثم آمین





اذیت کے جواب میں اذیت دے کر

جس تسکین کی انسان کو تلاش ہوتی ہے

وہ کبھی نہیں ملتی،

دل کو سکون معاف کرنے ہی سے آتا ہے

# اپنا سفر جاری رکھیں

خوبصورت منزلوں کے راستے
اکثر دشوار ہی ہوا کرتے ہیں



اپنا اچھا وقت اُن لوگوں کو دیں

جو آپ کے بُرے وقت میں

آپ کا ساتھ دیں گے



# دُنیا میں سب سے بڑے انویسٹر
# ہمارے والدین ہیں

اور یہ ایسے سرمایہ کار ہیں
جو اپنا وقت، عمر، پیسہ اپنی سوچ و فکر
سب ہم پر قربان کرتے ہیں
وہ بھی بنا کسی لالچ کے



رشتے اور تعلق نبھانا ایک فن ہے

جسکے لیے دولت کی نہیں

محض احساس کی ضرورت ہوتی ہے



# ایک بات یاد رکھیں

---

جب آپ کسی کا اچھا کر رہے ہوتے ہیں
تب آپ کا بھی کہیں اچھا ہو رہا ہوتا ہے



اپنے اہل و عیال کے ساتھ مُناسب اور مُشفقانہ رویہ اپنائیں
نصیحت بھی حکمت سے کریں



وگرنہ آپ کا یہ تلخ اور نامُناسب رویہ
آپ کے مستقبل کی زندگی پر بہت بری طرح اثر انداز ہو گا




سنو سمندر کی شوخ لہرو
ہوائیں ٹھہری ہیں تم بھی ٹھہرو
وہ دور ساحل پر ایک بچہ ابھی گھروندے بنا رہا ہے

آج کسی نے مجھ سے پوچھا:

"آپ کو سب سے زیادہ کس نے ہرٹ (Hurt) کیا؟

میں نے جواب دیا:

"میری اپنی اُمیدوں اور توقعات نے"



باپ کے زندہ رہنے تک

ہر بیٹی شہزادی ہے




ایک معاشرہ تب پروان چڑھتا ہے کہ
جب وہاں کے عمر رسیدہ افراد
یہ جانتے ہوئے بھی پودے لگائیں
کہ وہ خود اپنے لگائے ہوئے پودوں
کے سائے میں کبھی نہیں
بیٹھ پائیں گے۔
قدیم یونانی کہاوت

یارب کریم سجدوں کی توفیق عطا فرما

آمین

---

# بس اک داغِ سجدہ مری کائنات

# جبینیں تری، آستانے ترے






اگر تم اُڑ نہیں سکتے تو بھاگو،
بھاگ نہیں سکتے تو چلو،
چل نہیں سکتے تو رینگو،
لیکن آگے بڑھنا نہ چھوڑو


کچھ عرصے کیلئے رابطے میں
پہل کرنا چھوڑ دیجئے ،
آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ
آپ کتنے مردہ پودوں کو پانی دے رہے ہیں۔



زندگی اس کچی پنسل کی طرح ہے

جو ہر روز

چھوٹی ہوتی جاتی ہے


مرتے ہوئے وجود کی حسرت تمام شُد
سانسوں سے لپٹی آخری چاہت تمام شُد
دستِ قضا بڑھا ہے میری سمت، الوداع
اے اعتکافِ عشق --- عبادت تمام شُد


آنسو کا وزن تو نہیں ہوتا پھر بھی
ان کے گِر جانے سے
دل ہلکا ضرور ہو جاتا ہے۔



تپتے ہوئے صحرا میں

اِک ٹھنڈی چھاں ہوتی ہے

تیری ہو یا میری ہو،

ماں تو ماں ہوتی ہے۔

یہ پڑا ہوا ہے سب !!

حُسن، شباب، جوانی، اعلیٰ تعلیم، تکبر، انا، لڑائی جھگڑے، حاصل لاحاصل، حسد، بُغض، ترقی، عُہدے



سیدھے درخت اور سیدھے لوگ

سب سے پہلے کاٹے جاتے ہیں۔۔



یہ جو ٹھہراؤ بظاہر ہے،

اذیّت ہے میری

جو تلاطم میرے اندر ہے،

سکون ہے میرا



# بِلاوجہ تعلق نہ توڑیں

جس سیڑھی نے آپ کو اوپر چڑھنے میں مدد کی ہے
اس کو توڑنے کی کبھی کوشش مت کرنا

کیونکہ واپس اترنے میں
تمہیں اُس کی سخت ضرورت ہو گی




بُھوک
واپسی کے راستوں کی فکر بھلا دیتی ہے۔


کبھی کبھی
ہم ذہنی سکون کے علاوہ
کچھ نہیں چاہتے


اگر آپ یہ سیکھ جائیں کہ
کیا نظر انداز کرنا ہے
تو زندگی بے حد خوبصورت بن جائے گی

## کچھ لوگوں کی عادت ہوتی ہے

ہر بات میں طعنے مارنا، مذاق اُڑانا یا خامی نکالنا

ایسے لوگوں کی باتوں سے پریشان مت ہوں

**یاد رکھیں !!**

**بچھو کی فطرت میں ہمیشہ ڈنگ مارنا ہوتا ہے**





تخیلات کا بھی بڑا فائدہ ہے

بندہ جسے چاہے اپنے پاس بٹھا سکتا ہے

اور جب چاہے

کسی کے پاس سے اُٹھ کر جا بھی سکتا ہے


یہ بھی خوابوں کی مہربانی ہے
جانے والے دکھائی دیتے ہیں

جب کوئی نہ سمجھ رہا ہو
تو خاموش ہو جانا بہتر ہے

بحث باتوں کو مزید بگاڑ دیتی ہے



تیرے اندر باہر سارا مٹی کا سامان

خود پہ کرے مان،

واہ رے انسان



اپنے ہاتھوں سے کاٹ کر سارے شجر

عجیب شخص ہے، سایہ تلاش کرتا ہے۔



## ترک کہاوت ہے کہ

اگر کسی شخص سے تعلق کاٹ چُکے ہو

تو اُس کے متعلق

اپنی زبان بھی کاٹ دو



اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا

کہ دوسرے کیا کر رہے ہیں۔

اس سے فرق پڑتا ہے کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔

It doesn’t matter what others are doing.
It matters what YOU are doing.





نہ رُکی وقت کی گردش نہ زمانہ بدلا

پیڑ سُوکھا تو پرندوں نے ٹھکانہ بدلا

# نظرانداز کرنا
# نفرت کی
# بدترین قسم ہے



# احساس کی دُنیا
# الفاظ کی دُنیا سے
# بہت مختلف ہے



باپ دنیا کی وہ بہترین ہستی ہے،

جس کی دستر خوان پر موجودگی

اور کمرے کے باہر اُتارے ہوئے جوتے بھی

تحفظ کا احساس دلاتے ہیں....



سب پرندوں سے پیار لوں گا میں

پیڑ کا رُوپ دھار لوں گا میں



جن سے محبت ہو انہیں کاٹا نہیں جاتا

بلکہ اُن کے لیے راستے بنائے جاتے ہیں

بات ضرورت کی نہیں

بلکہ خلوص و محبت کی ہوتی ہے

جگہ بنانی پڑتی ہے دل میں ہو یا گھر میں






اسٹکر جیسا ہوتا ہے
دوسری بار پہلے جیسا نہیں
چپکتا !!!

# تنہائی

چڑیا رو کر کہتی ہے
کیوں بچوں کے پَر آئے




شعور کا ہے کرشمہ یا شوقِ تنہائی
کہ رفتہ رفتہ دل سے اُتر رہے ہیں لوگ

اللہ کہیں نہ کہیں سے مدد بھیج ہی دیتا ہے

وہ ہمیں دُکھ میں پریشان نہیں دیکھ سکتا



# بے حِس، سنگ دل لوگ

جنھیں احساس نہیں ہو نا، انہیں کبھی نہیں ہو نا

چاہے آپ سات سمندر پار چلے جائیں
یا زمین میں دفن ہو جائیں

ان کے لیے آپ کا وجود ایسے ہی بے معنی ہے
جیسے ایک نابینا کے لیے قوسِ قزح کے رنگ !



دوا، اگر کام نہ آئے تو نظر بھی اُتارتی ہے

یہ ماں ہے! صاحب

یہ کہاں ہار مانتی ہے



سگریٹ نوشی سے اجتناب کریں

---

اپنے ساتھ دوسروں کی ہلاکت کا
باعث نہ بنیں

Don’t kill yourself and us too.



ذلت اٹھانے سے بہتر ہے کہ

تکلیف اٹھاؤ۔



میں جو سب کا دِل رکھتا ہوں
لوگو! میں بھی دِل رکھتا ہوں



اے ہم نفس نہ پوچھ جوانی کا ماجرا
موجِ نسیم تھی،
اِدھر آئی، اُدھر گئی




دنیا کے لیے کچھ بھی سہی پر تیرے لئے۔
ہم مخلص تھے کسی ماں کی دعاؤں کی طرح۔

# اجنبیت

ایک راز ہے

اور راز ہمیشہ پُر کشش ہوتے ہیں




شاید کوئی تراش کر قسمت سنوار دے
اسی سوچ میں ہم
عمر بھر پتھر بنے رہے

سر کُچلنے کا ہنر بھی رکھئیے صاحب

سانپ کے ڈر سے جنگل نہیں چھوڑا جاتا-




میری رات کا چراغ



اگر حالات پر آپ کی مضبوط گرفت ہے
تو زہر اگلنے والے بھی آپ کا کچھ نہیں
بگاڑ سکتے ہیں۔

مجھ کو تب یقیں ہو گا

موسمِ محبت کا،

جب تمام بچوں کی

اُنگلیوں کی پَوروں پر

تِتلیوں کے رنگ ہوں گے





فاختہ بھی پاگل تھی
موسموں کی سازش سے
پھر فریب کھا بیٹھی
توپ کے دھانے میں
گھونسلہ بنا بیٹھی ..

جس ڈاکٹر کی فیس ایک مزدور ادا نہیں کر سکتا

وہ ڈاکٹر مسیحا تو کیا

انسان کہلانے

کے

لائق

بھی

نہیں

ہے




برتھ ڈے (Birth Day) کیا ہے؟
آپ کی زندگی کا
وہ واحد دن ہے
جب آپ کے رونے کی آواز سن کر
آپ کی ماں مسکرائی تھی -


ہر اِک اُمید کو لازم ہے، اِک زر خیز مایوسی
اُجالا رات میں ہوتا ہے، جگنو میں نہیں ہوتا